# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Date : 01 August 2026**

**Time : 09:25 AM**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں عمر مختار

ایل جی فوج

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ گزشتہ 6 برسوں کے دوران جموں وکشمیر میں ہو رہی مثبت تبدیلی عوامی اعتماد کی بحالی اور شہریوں کو اپنی پسند کی زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرنے کا نتیجہ ہے۔ وہ کل لوک بھون میں آرمی وار کالج مہو کے ہائر کمانڈ کورس 55 میں شرکت کرنے والے افسران اور فیکلٹی ممبران سے خطاب کررہے تھے۔

ایل جی نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے ماحولیاتی نظام اور جموں کشمیر میں دہشت گردی کو زندہ رکھنے کے لیے کام کرنے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی گئی ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ فوج کو غیر روایتی جنگ کے چلینجوں سے نمٹنے کے لئے بھی تیار رہنا چاہے۔

ایل جی مذمت

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کولگام میں دہشت گردوں کے حملے میں چھتیس گڑھ سے تعلق رکھنے والے مزدور کی ہلاکت کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ حرکت قرار دیا ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا کہ انہوں نے ڈائریکٹر جنرل آف پولیس نلین پربھات اور دیگر اعلیٰ سیکورٹی حکام سے بات کرکے انہیں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے اور قصورواروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کی ہدایت دی۔انہوں نے متاثرہ کنبے کے ساتھ تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔

ادھر جموں کشمیر قانون اسمبلی میں قائد حزب اختلاف سنیل شرما، سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی، اپنی پارٹی کے سربراہ سید الطاف بخاری اور پیپلز کانفرنس کے چیئرمین سجاد غنی لون نے بھی اس حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔

ایل جی ملاقات

معروف فلم ساز سدھارتھ کاک نے لوک بھون میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کر کے جموں وکشمیر کے تاریخی ورثے، آثارِ قدیمہ اور ثقافتی مقامات کے فروغ اور انہیں سیاحتی اعتبار سے مزید موثر انداز میں ترقی دینے سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔

دریں اثنا جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی میں قائدِ حزبِ اختلاف سنیل شرما نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ بلاور حلقے سے رکنِ اسمبلی ستیش شرما بھی موجود تھے۔

پی ایم کسان

مرکزی کابینہ نے پردھان منتری کسان سمان ندھی سکیم کو مالی سال **2030-31** تک توسیع دینے کو منظوری دی ہے۔ پانچ برسوں کے دوران سکیم کی عمل آوری کیلئے **3** عشاریہ ایک پانچ لاکھ کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔

چیف سکریٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے eUNNAT پورٹل پر 162 نئی آن لائن عوامی خدمات کا آغاز کیا، جس کے بعد پورٹل پر دستیاب سرکاری خدمات کی مجموعی تعداد 1710 ہوگئی ہے۔ سری نگر میں ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے تمام محکموں کو NeSDA معیارات پر عمل درآمد، غیر ضروری سرکاری ضابطوں اور غیر موثر خدمات کے خاتمے، نیز عوامی سہولت کے لیے زیادہ استعمال ہونے والی خدمات کو واٹس ایپ اور سنگل سائن آن پلیٹ فارم سے مربوط کرنے کی ہدایت دی۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ جموں وکشمیر قومی ای– گورننس سروس ڈلیوری اسیسمنٹ میں ملک بھر میں تیسرے مقام پر پہنچ گیا ہے۔

شاہرا/ یاترا

سرینگر۔ جموں قومی شاہراہ مرمتی کام کے پیشِ نظر آج بھی ٹریفک کیلئے بند ہے۔ ادھر سالانہ امرناتھ یاترا کا کوئی نیا قافلہ آج جموں سے وادی کی طرف روانہ نہیں ہوا ہے۔ تاہم بال تل سے یاترا حسبِ معمول جاری ہے۔ آج صبح **8** بجے تک مزید **671** یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دے کر شیولنگم کے درشن کئے۔

جج

فوجداری نظامِ انصاف میں فارنسک سائنس کے کردار سے متعلق جانکاری حاصل کرنے کیلئے 40 تربیت یافتہ سول ججوں کے ایک گروپ نے سری نگر کی فارنسک سائنس لیبارٹری کا دورہ کیا۔ اس موقعہ پر شرکاء کو FSL کے دائرہ کار، سائنسی صلاحیتوں اور شواہد کی جانچ کے ذریعے تفتیشی اداروں اور عدلیہ کے آپسی تعاون کے بارے میں آگاہی فراہم کی گی۔

فلم فیسٹول

جموں وکشمیر میں 7 سے 10 ستمبر تک سرینگر میں منعقد ہونے والے پہلے بین الاقوامی فلم فیسٹیول **IFFJK** میں شرکت اور فلموں کے اندراج کیلئے آج آخری دن ہے فلمیں رات 12 بجے تک داخل کی جا سکتی ہے۔ میلے کیلئے اب تک 50 ممالک سے 9 سو سے زیادہ فلمیں موصول ہو چکی ہیں۔

لیبر کمشنر

لیبر کمشنر چرن دیپ سنگھ نے تمام شعبہ جات کے سربراہان پر زور دیا ہے کہ وہ سوشل سیکورٹی سکیموں کے مطلوبہ فوائد نچلی سطح تک پہنچانے کے لئے محکمہ لیبر کے ساتھ قریبی تال میل کے ساتھ کام کریں۔ وہ گاندربل میں پردھان منتری شرم یوگی مندھن' (PM-SYM) اسکیم اور لیبر کوڈز کے نفاذ کی عملی آوری کے حوالے سے ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کرر ہے تھے۔

NSD

آکاشوانی سے ہر شام 6 بجکر 25 منٹ پر نشر ہونے والے کشمیری خبروں کے قومی بلیٹن کے نشریے کا وقت تبدیل کر دیا گیا ہے۔ یہ بلیٹن اب 4 اگست منگلوار سے ہر دن شام 6 بجکر 15 منٹ پر نشر ہوا کرے گا۔

فاریسٹ رائٹ

محکمہ قبائلی امور نے یوٹی کے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی ہے کہ وہ فاریسٹ رائٹس ایکٹ کے سبھی دعوؤں کو نپٹانے کیلئے اور اس ایکٹ کے موثر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ اس سلسلے میں جاری ایک سرکیولر میں ہدایت دی گئی ہے کہ متعلقین کے دعوؤں کی تصدیق کر کے دعوؤں کی تین سطحی قانونی مکینزم کے ذریعے تصفیے کے عمل کو مکمل کریں اور مطلوبہ سرٹیفکیشن فراہم کریں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18 عشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24 اعشاریہ 8 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا سے گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا بلٹن ختم ہوا

خدا حافظ